SafeArrival
Student Absence Management System
ocdsb.ca/SafeArrival

OTTAWA-CARLETON DISTRICT SCHOOL BOARD

SafeArrival کیا ہے؟

SafeArrival طلباء کی غیر حاضریوں کو منظم کرنے کے لیے ایک نیا نظام ہے۔ اہل خانہ موبائل ایپ، ویب سائٹ یا ٹول فری فون لائن استعمال کرتے ہوئے غیر حاضری کی پیشگی اطلاع دے سکتے ہیں۔ یہ آپشنز دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن دستیاب ہوتے ہیں۔

ہم SafeArrival کیوں استعمال کر رہے ہیں؟

- طالب علم کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔
- خاندانوں کو طالب علم کی غیر حاضریوں کی با آسانی اطلاع دینے میں مدد کرتا ہے۔
- اسکولوں کو طالب علم کی غیر واضح غیر حاضریوں پر فوری جواب دینے میں مدد کرتا ہے۔
- خاندانوں کو اطلاعات دینے کو تیز تر بناتا ہے۔

SafeArrival کیسے استعمال کریں؟

تین طریقوں سے آپ طالب علم کی غیر حاضری کی اطلاع دے سکتے ہیں:

اہم بات: ایپ/ویب سائٹ کے لیے اپنا اکاؤنٹ بناتے وقت وہی ای میل ایڈریس استعمال کریں جو آپ کے طالب علم کے اسکول کے ریکارڈ میں موجود ہے۔

1) **ایپ:** اپنی موبائل ڈیوائس پر SchoolMessenger ایپ انسٹال کریں یا OCDSB ایپ کے ذریعے اس تک رسائی حاصل کریں۔ ایپ کھولیں اور رجسٹر کرنے کے لیے سائن اپ منتخب کریں۔ رجسٹر کرنے کے بعد، مینیو سے حاضری کو منتخب کریں، پھر غیر حاضری کی اطلاع دیں اور ہدایات پر عمل کریں۔
2) **ویب سائٹ:** go.schoolmessenger.ca ملاحظہ کریں۔ اپنا اکاؤنٹ بنانے کے لیےسائن اپ منتخب کریں۔ رجسٹر کر لینے کے بعد، مینیو سے حاضری کو منتخب کریں، پھر غیر حاضری کی اطلاع دیں اور اشاروں کے مطابق عمل کریں۔
3) **ٹول فری فون:** خودکار فون سسٹم استعمال کرتے ہوئے غیر حاضری کی اطلاع دینے کے لیے ٹول فری نمبر 1417-202-1-833 پر کال کریں اور اشاروں پر عمل کریں۔

مددگار معلومات:

- اگر طالب علم کو دیر ہو جائے گی تو پورا دن منتخب کریں اور پھر دیر (Late) کو منتخب کریں۔ تمام طلباء جو دیر سے اسکول آنے والے ہیں انہیں پورے دن کے لیے غیر حاضر کے طور پر نشان زد کیا جاتا ہے جب تک کہ وہ اسکول کے دفتر میں پہنچ کر سائن ان نہیں کرتے ہیں۔
- ایلیمنٹری اور انٹرمیڈیٹ اسکولوں میں ایک ہی دن کی غیر حاضریوں کی اطلاع اسکول شروع ہونے کے وقت کے 30 منٹ بعد تک ہی دی جا سکتی ہے۔ اس کے بعد براہ کرم اسکول کو براہ راست کال کریں۔
- سیکنڈری اسکولوں میں ایک ہی دن کی غیر حاضریوں کی اطلاع شام 10:30 بجے تک دی جا سکتی ہے۔
- اسکول کیلنڈر میں کسی بھی اسکول کے دن کے لیے غیر حاضریوں کی اطلاع پہلے ہی دی جا سکتی ہے۔
- اگر طالب علم کو غیر حاضر کے طور پر نشان زد کیا گیا ہے اور غیر حاضری کی پہلے ہی اطلاع نہیں دی گئی ہے، تو ہمارا SchoolMessenger سسٹم آپ سے کئی بار رابطہ کرنے کی کوشش کرے گا جب تک کہ آپ غیر حاضری کی تصدیق اور وضاحت نہیں کر دیتے۔ اگر کسی نامزد فرد سے رابطہ نہیں کیا جا سکتا تو اسکول کا عملہ فالو اپ کرے گا۔ ان اطلاعات سے بچنے کے لیے، براہ کرم اپنے بچے کی غیر حاضری کی پیشگی اطلاع دیں۔
- براہ کرم یہ امر یقینی بنائیں کہ آپ کے اسکول کے پاس آپ کی موجودہ رابطے کی معلومات موجود ہوں تاکہ مواصلت درست والدین/سرپرست کو بھیجی جا سکے۔